**AQF / Fazil**

**15-05-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................. نتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج UAE، نیدرلینڈس، سویڈن، ناروے اور اٹلی کے 6 روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔

2- وزیر اعظم نے کہا ہے کہ بھارت کی زیر صدارت برِکس ایک زیادہ شمولیت والے عالمی نظام کی تشکیل کیلئے مل کر کام کرے گا۔

3- تیل مارکٹنگ کمپنیوں نے، پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں تین روپے فی لیٹر کا اضافہ کیا ہے۔

4- حکومت نے، Advance Authorisation Scheme کے تحت 100 کلو گرام تک سونے کی درآمدات کو ڈیوٹی فری کر دیا ہے۔

5- انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے جبراً وصولی کا ایک گروپ چلانے کیلئے کولکاتہ پولیس کے DCP شانتوسِنہا بِسواس کو گرفتار کیا ہے۔

6- اور Macau میں، Sanda عالمی کپ میں، Wushu میں خواتین کے 52 کلو گرام کے زمرے میں اَپرنا Dahiya نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-UAE VISIT**

وزیر اعظم نریندر مودی آج متحدہ عرب امارات، نیدرلینڈس، سویڈن، ناروے اور اٹلی کے 6 روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے کے تحت جناب مودی آج UAE پہنچیں جہاں وہ صدر شیخ محمد بن زائد النہیان سے ملاقات کریں گے۔ دونوں رہنما باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی معاملات سمیت خاص طور سے توانائی میں اشتراک پر دوطرفہ بات چیت کریں گے۔ وہ مضبوط سیاسی ثقافتی اقتصادی اور عوام سے عوام کے رابطوں پر مبنی باہمی جامع

کلیدی شراکت داری کی پیشرفت کے سلسلے میں طور طریقوں پر بھی تبادلۂ خیال کریں گے۔

دورے سے پہلے میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے وزارتِ خارجہ میں مغربی امور کے ایڈیشنل سکریٹری اسیم مہاجن نے کہا کہ توانائی تعلقات کے اہم ستون میں سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ UAE گزشتہ برس خام تیل کے معاملے میں، بھارت کا چوتھا سب سے بڑا ذریعہ تھا، جس سے بھارت کی تقریباً 11 فیصد ضرورت پوری ہوئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارتی کمپنیوں نے ابوظبی قومی تیل گیس کمپنی کے ساتھ طویل مدّتی LNG کانٹریکٹ حاصل کیے ہیں، جو مجموعی طور پر 4 اعشاریہ 5 ملین میٹرک ٹن سالانہ کے ہیں۔ اُن کے مطابق بھارت، UAE سے LNG خریدنے والا سب سے بڑا ملک ہے۔

متحدہ عرب امارات، بھارت کو تقریباً 40 فیصد LNG بھی درآمد کرتا ہے اور یہ پیٹرولیم اشیاء کیلئے ایک اہم مقام رہا ہے۔ دونوں ممالک کلیدی پیٹرولیم ذخائر، قابلِ تجدید توانائی کے پروجیکٹوں اور بجلی کے امکان گرِڈ انٹرکنیکشن کے سلسلے میں بھی اشتراک کر رہے ہیں۔ UAE عالمی بایو ایندھن اتحاد کا بانی ممبر بھی ہے، جس سے ماحول کیلئے سازگار توانائی کے سلسلے میں وسیع تر اشتراک کی عکاسی ہوتی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V/C - Vinod Kumar

*بھارت اور متحدہ عرب امارات خام تیل کی روایتی تجارت سے بہت آگے بڑھ چکے ہیں، جس پر کبھی اُن کے توانائی کے تعلقات کا انحصار تھا۔ متحدہ عرب امارات بھارت کو تیل فراہم کرنے والا ایک اہم ملک ہے، لیکن یہ شراکت داری اب قدرتی گیس، قابل تجدید توانائی اور سِول نیوکلیئر تعاون جیسے شعبوں تک وسیع ہوگئی ہے۔ اس سال کے اوائل میں ہندوستان پیٹرولیم نے ابوظہبی نیشنل آئل کمپنی کے ساتھ 10 سالہ معاہدہ کیا تھا، جس کے تحت 2028 سے ہر سال پانچ لاکھ ٹن LNG فراہم کی جائے گی۔ اس معاہدے سے بھارت کو قیمتوں میں زیادہ استحکام حاصل ہوگا، کیونکہ اس سے اِسپاٹ مارکیٹ پر اُس کا انحصار کم ہوجائے گا۔ متحدہ عرب امارات کے Sovereign Weatlh Funds بھارت کے شمسی توانائی کے بنیادی ڈھانچے میں فعال طور پر سرمایہ کاری کررہے ہیں، جبکہ بھارت کا SHANTI ایکٹ، جوہری توانائی کیلئے نجی شعبے کی سرمایہ کاری کیلئے امکانات پیدا کرتا ہے، جن میں اِسمال Modular ری ایکٹر شامل ہیں۔ اس طرح ان شعبوں میں بھی اشتراک کے نئے مواقع پیدا ہورہے ہیں۔ طرفین توانائی سے متعلق لین دین کو روپے اور دِرہم میں بھی فروغ دے رہے ہیں، جس سے کہ باہمی تجارت کا انحصار ڈالر پر کم سے کم ہوسکے۔ تیل سے LNG تک اور ماحول کیلئے سازگار توانائی سے جوہری توانائی تک بھارت- UAE شراکت داری، باہمی تعاون کے نئے مواقع پیدا کررہی ہے۔*

*دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

متحدہ عرب امارات کے وزیر اعظم مودی کے آٹھویں دورے کے موقعے پر UAE میں بھارتی سفیر دیپک متّل نے کہا

کہ ایک ایسے وقت جب خطّے کو غیر معمولی واقعات اور چیلنجوں کا سامنا ہے، تو وزیر اعظم کا یہ دورہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ امید ہے کہ وزیراعظم کے اس دورے سے بھارت UAE جامع کلیدی شراکت داری مزید مستحکم ہوگی، جس میں توانائی کی یقینی فراہمی، سرمایہ کاری اور اُبھرتی ہوئی ٹکنالوجی پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے۔×

## BRICS-FM MEETING

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اس سال بھارت کی سربراہی میں برکس، کثیر جہتی کو مضبوط کرنے، پائیدار ترقی کو فروغ دینے، اقتصادی استحکام کو پروان چڑھانے اور مزید جامع حکمت عملی بنانے کیلئے مل کر کام کرے گا۔ برکس ممالک کے وزرائے خارجہ اور وفود کے سربراہوں کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے، جنہوں نے نئی دلّی میں جناب مودی سے ملاقات کی، وزیراعظم نے کہا کہ برکس اُبھرتی ہوئی معیشتوں کے درمیان تعاون کو فروغ دینے اور عالمی خطۂ جنوب کی اُمنگوں کو آواز دینے کیلئے ایک پلیٹ فارم کے طور پر اُبھرا ہے۔

یہ میٹنگ برکس وزرائے خارجہ کی میٹنگ کے دوران ہوئی، جوکہ نئی دلّی میں جاری ہے۔ اس سے پہلے برکس وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں، اپنے افتتاحی خطاب میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا تھا کہ امن وسلامتی عالمی استحکام کیلئے مرکزی حیثیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ تنازعات بھی بات چیت اور سفارتکاری کی اہمیت کو ہی اُجاگر کرتے ہیں۔ برازیل کے وزیر خارجہ Mauro Vieira، روسی وزیر خارجہ سرگئی لاروف، ایران کے وزیر خارجہ سیدعباس عراقچی اور دیگر ممالک کے وزرائے خارجہ اس اجلاس میں شرکت کررہے ہیں۔ اس اجلاس کا مرکزی موضوع 'پائیداری، اختراع، تعاون اور استحکام' ہے۔

## PETROL DIESEL HIKE

عالمی سطح پر توانائی کی بڑھتی قیمتوں کے درمیان تیل کمپنیوں نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں تین-تین روپے فی لیٹر کا اضافہ کیا ہے۔ نئی دلّی میں پیٹرول کی قیمت 94 روپے 77 پیسے سے بڑھ کر 97 روپے 77 پیسے فی لیٹر، جبکہ ڈیزل کی قیمت 87 روپے 67 پیسے سے بڑھ کر 90 روپے 67 پیسے فی لیٹر ہو گئی ہے۔ اسی طرح ممبئی میں، فی لیٹر پیٹرول کی قیمت بڑھ کر 106 روپے 68 پیسے فی لیٹر، جبکہ ڈیزل کی 93 روپے 14 پیسے فی لیٹر ہو گئی ہے۔کولکاتہ میں فی لیٹر پیٹرول 108 روپے 74 پیسے، جبکہ فی لیٹر ڈیزل 95 روپے 13 پیسے ہو گیا ہے۔×

## GOLD IMPORT

حکومت نے ایڈوانس اتھارائیزیشن اسکیم کے تحت سونے کی درآمدات پر 100 کلوگرام کی حد مقرر کی ہے، جو زیورات کے برآمد کنندگان کو صفر ڈیوٹی پر خام یا اِن پُٹ میٹریل درآمد کرنے کی اجازت دیتی ہے۔ ایک عوامی نوٹس میں ڈائریکٹوریٹ جنرل

آف فارن ٹریڈ DGFT نے کہا ہے کہ سونے کی درآمد کیلئے پیشگی اجازت نامہ جاری کیا جائے گا، جس کے تحت زیادہ سے زیادہ 100 کلوگرام پر چھوٹ مل سکے گی۔×

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V-C Bhanu

*DGFT نے پہلی دفعہ درخواست دینے والوں کیلیے اُن کی آپریشنل حیثیت اور صلاحیت کی تصدیق کیلیے مینوفیکچرنگ سہولیات کا فزیکل معائنہ لازمی قرار دیا ہے۔ اس میں مزید کہا گیا ہے کہ سونے کی درآمد کیلیے کسی بھی طرح کا پیشگی تصدیق نامہ اسی وقت جاری کیا جائے گا، جب برآمدات کا 50 فیصد حصہ مکمل کرلیا گیا ہو۔ DGFT نے کہا ہے کہ ڈائرکٹوریٹ کا متعلقہ افسر DGFT کو ایک ماہانہ رپورٹ سونپے گا، جس میں پیشگی تصدیق نامہ جاری کرنے سے متعلق تمام معلومات ہوں گی۔ اس سے پہلے، اس اسکیم کے تحت سونے کی درآمدات پر کوئی حد مقرر نہیں تھی۔*

*نئی دِلّی سے بھانوپرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں......*

**EU-AQUACULTURE PRODUCTS**

یوروپی یونین کے بازاروں میں Aquaculture سے متعلق مصنوعات کی مسلسل برآمد کیلئے نظرثانی شدہ مسودے کی فہرست میں بھارت کو شامل کیا گیاہے۔ صنعت وتجارت کی وزارت نے کہا ہے کہ اس سے پہلے کے قوانین میں ضوابط میں بھارت کو، اُن تیسرے ممالک میں شامل نہیں کیا گیا تھا، جو ستمبر 2026 سے، جانوروں سے بنائی جانے والی مصنوعات، جنہیں انسان استعمال کرتے ہیں، یوروپی یونین کو برآمد کرنے کے مجاز تھے۔ ان ضوابط کے تحت برآمد کنندہ ممالک پر لازم ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ یوروپی یونین کو بھیجی جانے والی افزائش کیلئے استعمال ہونے والی مخصوص ادویات Antimicrobials سے پاک ہوں۔×

**BREAK**

<u>یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔</u>

**GONG**

**ED-KOLKATA DCP**

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے، جبراً پیسے وصول کرنے کا ایک گروپ چلانے کیلئے کولکاتہ پولیس کے ڈپٹی کمشنر شانتنو سِنہا بِسواس کو گرفتار کر لیا ہے۔ ED کل سے کولکاتہ میں CGO کامپلیکس میں شانتنو سے، اُس وقت سے پوچھ تاچھ کر رہی ہے، جب وہ ایجنسی کے اہلکاروں کے سامنے پیش ہوئے تھے۔ اُنہیں ساڑھے 10 گھنٹے کی پوچھ تاچھ کے بعد حراست میں لے لیا

گیا اور آج اُنہیں عدالت کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ ED نے کالی گھاٹ پولیس اسٹیشن کے سابق آفیسر انچارج شانتو بِسواس کو سونا پپّو عرف بِسواجیت پوڈّار کی جانب سے چلائے جا رہے مبینہ مجرمانہ سرگرمیوں سے وابستہ گروپ میں کالے دھن کو جائز بنانے کی تحقیقات کے سلسلے میں کئی بار پوچھ تاچھ کیلئے بلایا تھا۔ تاہم انہوں نے بار بار ED کے سَمن کو نظرانداز کیا۔ ED نے شانتو کے خلاف ایجنسی کے سامنے پیش ہونے سے بچنے کیلئے لُک آؤٹ نوٹس بھی جاری کیا تھا۔×

**RAJNATH-AP**

بھارت کی اندرونِ ملک دفاعی اور ایرو اسپیس صلاحیتوں کو مزید مستحکم کرنے کے سلسلے میں، ایک اہم قدم کے تحت وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج آندھرا پردیش کے سری ستیہ سائی ضلع کے Puttaparthi میں Advanced Medium Combat Aircraft (AMCA) پروگرام کے مرکز کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اس موقع پر آندھراپردیش کے وزیر اعلیٰ این چندر بابو نائیڈو بھی موجود رہیں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V/C - Allu Murali**

*Advanced Medium Combat Aircraft (AMCA) پروگرام مرکز کو دفاعی تحقیق و ترقی کی تنظیم DRDO کے تحت ایروناٹیکل ترقیاتی ایجنسی کی جانب سے تیار کیا گیا ہے اور یہ بھارت کے اندرونِ ملک تیار کردہ پانچویں سلسلے کے Stealth لڑاکا طیارہ پروگرام کے فروغ، تیاری اور آزمائشی پرواز کیلئے ایک مرکز کے طور پر کام کرے گا۔ تقریباً 650 ایکڑ میں پھیلے اس مرکز پر 15 ہزار 803 کروڑ روپے کی لاگت کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ AMCA لڑاکا طیارہ Stealth ٹکنالوجی، Twin-engine Supercruise صلاحیت اور جدید ٹکنالوجی سے لیس ہوگا۔ امکان ہے کہ اس پروجیکٹ سے تقریباً ساڑھے سات ہزار براہِ راست روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔*

*آندھراپردیش سے الّو مُرالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**PRDHAN-NEET MEETING**

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان کی رہائش گاہ پر کل شام ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ منعقد ہوئی، جس کا مقصد آئندہ NEET امتحان کی تیاریوں کا جائزہ لینا تھا۔ میٹنگ میں NEET امتحان کے بلا رکاوٹ اور مؤثر انعقاد سے متعلق مختلف پہلوؤں پر وسیع تبادلہ خیال کیا گیا۔ اعلیٰ تعلیم کے سکریٹری، اسکول تعلیم کے سکریٹری، امتحانات سے متعلق قومی ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل اور CBSE کے چیئر پرسن، کیندریہ وِدیالیہ سنگٹھن اور Navodaya وِدیالیہ سمیتی کے کمشنروں سمیت کئی اعلیٰ حکام مذکورہ میٹنگ میں شامل ہوئے۔×

**KERALAM GOVT FORMATION**

کیرالم میں، پیر کے روز نئی UDF حکومت حلف لے گی۔ اس دوران نئی حکومت میں شامل ہونے والے ارکان پر بھی تبادلۂ خیال جاری ہے۔ پیر کے روز V D Satheesan کیرالم کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیں گے۔ UDF کے ذرائع نے خبر دی ہے کہ وزیر اعلیٰ کے ساتھ پوری کابینہ حلف لے گی۔×

**MOUNGARI MEAL**

سالانہ تین روزہ تاریخی مونگری میلہ، جسے شیوپاروتی میلہ بھی کہا جاتا ہے، اودھم پور ضلع کے شیوپاروتی مندر میں آج سے شروع ہورہا ہے۔ اس تاریخی میلے کے تئیں عقیدتمندوں کے جوش وخروش کو دیکھتے ہوئے اودھم پور ضلع انتظامیہ نے مونگری کے سَرڈابر میں مناسب انتظامات کئے ہیں۔ مونگری میلہ اودھم پور ضلع کا مشہور میلہ ہے، جسے پورے مذہبی جوش جذبے کے ساتھ ہر سال Jyeshth ماہ کے پہلے دن سے لے کر تیسرے دن تک جو عموماً مئی اور جون کے درمیان ہوتا ہے، سَرڈابر میں منایا جاتا ہے، جوکہ اودھم پور سے 51 کلو میٹر دور ہے، اس میں ہزاروں افراد شرکت کرتے ہیں۔×

**IMD-WEATHER**

بھارت کے محکمہ موسمیات نے انڈمان ونکوبار جزائر، اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، کیرالہ، ماہے اور جنوبی کرناٹک میں آج گرج چمک کے ساتھ تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ مغربی بنگال، سکم، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں بھی گرج چمک کے ساتھ تیز بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ دلّی، آندھراپردیش، بہار، چھتیس گڑھ، ہریانہ، چنڈی گڑھ، جموں وکشمیر، لداخ، گلگت،بلتستان اور مظفرآباد میں بجلی چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کی بھی پیشگوئی کی گئی ہے۔×

**WUSHU-GOLD MEDAL**

بھارتی Wushu کھلاڑی اَپرنا دہیا نے کل Macau میں 11 ویں Sanda عالمی کپ میں، خواتین کے 52 کلوگرام کے زمرے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ اَپرنا نے فائنل میں، موجودہ عالمی چمپئن ویتنام کی Thi Phuong Nga Ngo کو سیدھے سیٹوں میں شکست دی۔ 12 مئی کو شروع ہوئے اس مقابلے میں، بھارت کا سونے کا یہ پہلا تمغہ ہے۔×

**IPL-CRICKET**

IPL کرکٹ میں، کل رات دھرم شالہ میں ہماچل پردیش کرکٹ ایسوسی ایشن اسٹیڈیم میں کھیلے گئے مقابلہ میں، ممبئی انڈینس نے پنجاب کنگس کو 6 وکٹ سے ہرا دیا۔ جیت کیلئے 201 رن کا پیچھا کرتے ہوئے، ممبئی انڈینس نے یہ ہدف 6

وکٹ اور ایک گیند باقی رہتے ہوئے حاصل کر لیا۔

اس سے قبل، پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے، پنجاب کنگس نے مقررہ 20 اوور میں 8 وکٹ کے نقصان پر 200 رن بنائے۔ تِلک ورما نے بِنا آؤٹ ہوئے 33 بیندوں میں شاندار 75 رن بنائے۔ تِلک ورما کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ آج، لکھنؤ میں، لکھنؤ سُپر جائنٹس کی ٹیم کا مقابلہ چنئی سُپر کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے شروع ہوگا۔

**PM-RURAL HOUSING SCHEME**

پردھان منتری گرامین آواس یوجنا کے مستفیدین اور مہا آواس ابھیان کی ریاستی سطح کی ایوارڈ تقسیم کی تقریب آج مہاراشٹر کے سِتارا میں ہوگی۔ دیہی ترقی اور زراعت کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان، مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دویندر فڑنویس، نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے اور سُمترا پوار اِس تقریب میں شرکت کریں گے۔پردھان منتری گرامین آواس یوجنا کے تحت اس تقریب کے دوران مستفیدین کیلئے تعمیر کیے گئے 5 لاکھ مکانات اُنھیں سونپے جائیں گے۔ اب تک ملک بھر میں اس اسکیم کے تحت، 3 کروڑ مکانات تعمیر کیے جا چکے ہیں۔×

**SABARIMALA TEMPLE**

کیرالم میں سَبری مالا مندر ماہانہ Edavam پوجا کیلئے کل شام کو کھول دیا گیا۔ صبح پانچ بجے سے یہاں درشن کیا جاسکے گا۔ درشن 19 تاریخ کو 10 بجے رات میں بند کردیا جائے گا۔ یہاں آنے والے عقیدت مند درشن کیلئے آن لائن بکنگ کراسکتے ہیں۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......عبدالواحد

شکریہ – نتیکا تیاگی

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً تمام اردو اخباروں نے نئی دلّی میں برِکس وزرائے خارجہ اجلاس کو صفحہ اوّل پر نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ روزنامہ پرتاپ نے سرخی لگائی ہے ''برِکس ممالک استحکام اور عالمی حکمرانی میں اصلاحات کیلئے قدم اٹھائیں: ایس جے شنکر۔ ملک میں SIR کے تیسرے مرحلے کے اعلان کو بھی اخباروں نے نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ ہندوستان ایکسپریس نے سرخی لگائی ہے کہ انتخابی کمیشن نے 16 ریاستوں اور 3 مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں

خصوصی جامع نظرثانی کرانے کا فیصلہ کیا۔

اخبارات نے دفاعی مینوفیکچرنگ شعبے میں خود انحصاری پر زور دینے کے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے بیان کو بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخباروں نے ملک میں خام تیل اور قدرتی گیس کی مناسب دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے مرکزی حکومت کے مؤثر اقدامات کو بھی نمایاں جگہ دی ہے۔

اخبارات میں شائع ہونے والی بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ امریکی صدر ٹرمپ کا چین دورہ، شی جِن پنگ نے کہا کہ امریکہ اور چین کے تعلقات عالمی استحکام کیلئے اہم ہیں۔

☆ یونان اور اسرائیل نے بھارت-یوروپ تجارتی راہداری کو خطّے کے استحکام کیلئے تاریخی منصوبہ قرار دیا۔

☆ ایران سے معاملہ جنگ کے بجائے سفارتکاری سے حل کیا: براک اوبامہ

☆ سعودی وزارت حج نے عازمین کی رہنمائی کیلئے ایک کتابچہ جاری کیا۔

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج UAE، نیدرلینڈس، سویڈن، ناروے اور اٹلی کے 6 روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔

2- وزیر اعظم نے کہا ہے کہ بھارت کی زیر صدارت برِکس ایک زیادہ شمولیت والے عالمی نظام کی تشکیل کیلئے ملکر کام کرے گا۔

3- تیل مارکٹنگ کمپنیوں نے، پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں تین روپے فی لیٹر کا اضافہ کیا ہے۔

4- حکومت نے، Advance Authorisation Scheme کے تحت 100 کلو گرام تک سونے کی درآمدات کو ڈیوٹی فری کر دیا ہے۔

5- انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے جبراً وصولی کا ایک گروپ چلانے کیلئے کولکاتہ پولیس کے DCP شانتنوسِنہا بِسواس کو گرفتار کیا ہے۔

6- اور Macau میں، Sanda عالمی کپ میں، Wushu میں خواتین کے 52 کلو گرام کے زمرے میں اَپرنا Dahiya نے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---